

CIVIC ACTION TEAMS

**Pakistan Coronavirus CivActs Campaign**

## بلیٹن# 9
## ۲۰۲۰_۰۳_۲۹

**کرونا وائرس جیسے وبائی حالات جلد ہی معاشرتی تنازعہ کی وجہ بن سکتے ہیں، غلط معلومات افواہیں اور جعلی خبروں کی وجہ سے، جیسا کہ ہم ماضی میں دیکھ چکے ہیں۔ ہم نے ہر روز غلط معلومات میں شہریوں کو الجھانے، غیر یقینی اور ادھوری معلومات میں شریک ہوتے دیکھا ہے۔ پریشان اور صحیح معلومات کو فراہم کئیے بغیر شہریوں کو چھوڑ دینا بھی اس معاشرتی تنازعہ کی وجہ بن سکتا ہے۔**






**پاکستان Coronavirus CivicActs Campaign (CCC) ایسی تمام معلومات، اطلاعات، افواہیں اور بے یقینی کی وجہ سے بننے والی گفتگو میں سے تمام غیر مصدقہ اور غیر تصدیق شدہ اطلاعات کو ختم کرکے صحیح مصدقہ اور حکومت کی جانب سے فراہم کردہ معلومات اور اطلاعات عوام الناس کو فراہم کرتا ہے تاکہ افواہوں سے ہونے والے نقصانات سے بچا جا سکے۔**

# گھبرائیے مت!

کورونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے میں مدد کے لئے ان اقدامات پر عمل کریں

- کم سے کم 20 سیکنڈ تک اپنے ہاتھوں کو صابن سے بار بار دھوئے۔ اگر صابن اور پانی دستیاب نہ ہو تو ہینڈ سینیٹائزر (کم از کم 60٪ الکحل کے ساتھ) استعمال کریں ۔
- چھیںکنے کے وقت اپنی ناک اور منہ (اپنی کہنی یا ٹشو کے ساتھ) ڈھانپیں ۔
- بھیڑ والی جگھوں سے پرہیز کریں اور معاشرتی دوری کی مشق کریں۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو کورونا وائرس کے کسی فرد کے سامنے لایا گیا ہے تو ، کم از کم 14 دن تک اپنے آپ کو الگ رکھیں اور کسی بھی علامات کی نگرانی کریں۔
- سامان ذخیرہ نہ کریں۔

# کیا یہ بات سچ ہے؟

**سننے میں آیا ہے کہ کرونا وائرس سے بچاؤ کے لئے شہروں میں رات کے وقت ہیلی کاپٹر کے ذریعے اسپرے کی جائے گی۔ کیا یہ سچ ہے؟**

نہیں سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والا یہ میسج بالکل غلط ہے کہ ہیلی کاپٹر کے ذریعے اسپرے کی جائے گی، ایسی کوئی سرگرمی انجام نہیں دی جائے گی ، اور رات کے وقت ہیلی کاپٹروں کی آوازوں کا مطلب یہ ہرگز نہیں ہوگا کہ کسی قسم کی اسپرے کی جا رہی ہے۔

جیسا کہ کہ ہیلی کاپٹروں کے ذریعے کوئی چھڑکاؤ نہیں کیا جائے گا ، تاہم یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ کچھ علاقوں میں جہاں کرونا وائرس کے زیادہ کیسز ہیں ان جگہوں کو رضاکاروں کی مدد سے کیٹانربت کیا جائے۔ بحریہ ٹاؤن کے چیئرمین ، جناب ملک ریاض نے اعلان کیا ہے کہ بحریہ ٹاون نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی اور صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے ساتھ مل کر بھارہ کہو کے علاقے میں اسپرے چھڑکاؤ کریں گے ، امید ہے کہ ان علاقوں کو دو دن کے اندر ہر جراثیم اور وائرس سے صاف کردیا جائے گا۔

مزید براں، بڑے شہروں کے کچھ علاقوں کو کیٹانربت کیا گیا ہے، بشمول، اسپتال ، بازار اور چند بڑی سڑکیں۔ پولیس افسران ان ٹیموں کے ساتھ رہے جنہوں نے علاقے کو کیمیائی اسپرے کے ذریعے صاف کیا۔

**جن علاقوں کو کیمیائی اسپرے کے ذریعے کیٹانرہت کیا گیا، ان میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:**

- بھارہ کہو اسلام آباد
- پولی کلینک ہسپتال اسلام آباد
- سی ڈی اے ہسپتال اسلام آباد
- ایف 6 سپر مارکیٹ اسلام آباد
- ایف 7 جناح سپر مارکیٹ اسلام آباد
- ایف 8 مرکز اسلام آباد
- ڈسٹرکٹ کورٹ اسلام آباد
- یونین کونسل آف ہیلتھ اسلام آباد
- انٹرنیشنل ائیرپورٹ اسلام آباد
- مزار حضرت عبداللہ شاہ غازی (کراچی)
- مزار حضرت معصوم شاہ غازی (کراچی)
- مزار حضرت قلندربابا اولیاء (کراچی)
- مزار حضرت سید نور علی شاہ بخاری (کراچی)
- سٹی جیلز کراچی
- کلفٹن کمرشل اینڈ ریزیڈنشل ایریاز کراچی
- کوہاٹ خیبر پختونخواہ
- علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ لاہور
- لاہور میں چند معمولی اور بڑی سڑکیں
- میو ہسپتال لاہور
- سروسز ہسپتال لاہور
- گنگا رام ہسپتال لاہور
- لیڈی وِلنگڈن ہسپتال لاہور
- شور کوٹ خواجہ سعید ہسپتال لاہور
- میاں منشی ہسپتال لاہور
- نواز شریف ہسپتال لاہور
- شیخ زاید ہسپتال لاہور
- پنجاب انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی لاہور
- پشاور کی تمام گلیاں اور شہر کی سڑکیں
- سوِل سسیکرٹریٹ پشاور
- ریڈ زون پشاور
- سرکاری رہائش گاہیں (پشاور)
- چار سدہ خیبر پختونخواہ

**سننے میں آیا ہے کہ پنجاب میڈیکل عملہ جو کہ کرونا وائرس سے بھرپور طریقے سے لڑنے کی کوششوں میں ہے ، انہیں اضافی معاوضہ ملے گا۔ کیا یہ سچ ہے؟**

جی ہاں ، گزشتہ ہفتے وزیر اعلی پنجاب ، جناب عثمان بزدار نے اعلان کیا کہ کرونا وائرس کے مریضوں کے علاج میں مصروف ڈاکٹروں ، نرسوں ، طبی عملے ، اور پیرامیڈکس کو ایک ماہ کی تنخواہ کے برابر خصوصی رسک الاؤنس ملے گا ۔ یہ الاؤنس وائرس کے خلاف جنگ میں ان کی محنت کے اطراف میں ہے۔

# کیا یہ بات سچ ہے؟

## کچھ علاقوں کو سیل کیوں کیا جارہا ہے اور اس کا کیا مطلب ہے؟

وفاقی دارالحکومت کے قریبی علاقوں میں مثبت کرونا وائرس کیسز اور آس پاس کے علاقوں میں وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے ان کی گردونواح کو سیل کیا جارہا ہے۔ ان علاقوں میں سیکٹر ایچ۔ ۹ میں رمشاء کالونی، شہزاد ٹاؤن اور بھارہ کہو شامل ہیں۔ ان علاقوں کو مکمل طور پر سیل کردیا گیا ہے ، وائرس کے مثبت افراد کو علاقوں سے سے منتقل کردیا گیا ہے اور وہ اسپتالوں میں علیحدہ علاج کروا رہے ہیں۔

سیل کردہ علاقوں میں کسی کا داخلہ یا وہاں سے باہر جانے کی اجازت نہیں ہے۔ شہزاد ٹاؤن میں پولیس ، رینجرز ، اور فوج کے جوانوں کو تمام راستوں کی حفاظت اور سڑکوں پر گشت کرنے کے لیے تعینات کیا گیا ہے ، اور جو بھی گھر سے باہر نظر آتا ہے اسے واپس بھیج دیا جاتا ہے۔ اگلی اطلاعات ملنے تک تمام دکانیں بھی بند کرنے کو کہا گیا ہے۔

## کیا پاکستان میں اسپتالوں میں موجود تمام ڈاکٹروں ، نرسوں اور طبی عمل کے لیے مکمل ذاتی حفاظتی سازو سامان موجود ہے؟

جمعہ کے روز خنجراب پاس پر چین کی طرف سے دو ٹن سے زیادہ ماسک ، ٹیسٹ کٹس ، وینٹیلیٹر اورطبی حفاظتی لباس پاکستان کو مہیا کیے گئے۔ چین سے ایک طیارہ پچاس ہزار کرونا وائرس ٹیسٹنگ کٹس لے کر کراچی پہنچا۔ چین نے پاکستان کو کرونا وائرس کے پھیلاؤ سے لڑنے میں مدد کے لیے طبی عملے کو بھی بھیجا۔

چین کے سپلائی شیئر کرنے کے باوجود پاکستان میں اب بھی کیمیائی حفاظتی سامان کی کمی ہے اور یہی وجہ ہے کہ شہریوں کو اس مشکل وقت میں کرونا وائرس کے خلاف جنگ میں بھرپور کردار ادا کرنا پڑے گا۔ شہری، زیادہ سے زیادہ گھر پر رہ کر اور دوسرے لوگوں کے ساتھ رابطے کو محدود کر کے وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے میں مدد فراہم کر سکتے ہیں اور کر رہے ہیں ، جس کے نتیجے میں کم لوگوں کو اسپتال جانا پڑے گا۔

**کیا آپ کا کرونا وائرس کے بارے میں کوئی سوال ہے ؟**

**کیا آپ نے کوئی خرافات سنی ہے ؟**

**اپنے سوالات کو نیچے دئیے گئے فارم کے ذریعے ارسال کریں تاکہ آپ کو صحیح بات بتا سکیں**

پاکستان فارم




ذرائع: The News 1 The News 2 The News 3 The News 4
The News 5 The News 6 The News 7 The News 8
Nation 2 ARY News Geo 1 Geo 2 Dawn 1 Dawn 2
Tribune 1 Tribune 2 Tribune 3 Dunya News Time Nation 1

# میں کیا کروں اگر مجھے لگتا ہے کہ مجھے کرونا وائرس ہے

## کیا آپ کو مندرجہ ذیل علامات میں سے کوئی علامت ہے؟



- بخار
- خشک کھانسی
- تھکاوٹ
- سانس لینے میں تکلیف





## **اگر ایسا ہے تو ۱۱۶۶ پر اپنے ڈاکٹر یا کورونا وائرس ہیلپ لائن سے رابطہ کریں**

## میرا ٹیسٹ کہاں سے ہوسکتا ہے؟

اسلام آباد
نیشنل انسٹیٹیوٹ آف ہیلتھ
**پارک روڈ چک شہزاد اسلام آباد**

راولپنڈی
آرمڈ فورسز انسٹیٹیوٹ آف پتھالوجی
**رینج روڈ سی ایم ایچ کمپلیکس راولپنڈی**

ملتان
نشتر ہسپتال ملتان
**نشتر روڈ جسٹس حمید کالونی ملتان**

کراچی
آغاخان یونیورسٹی ہسپتال
**اسٹیڈیم روڈ کراچی**

سول ہسپتال
**DOW یونیورسٹی کیمپس مشن روڈ کراچی**

میڈیکل ہسپتال **DOW**
**اوجھا کیمپس سپارکو روڈ کراچی**
انڈس اسپتال
**اپوزٹ دارالسلام سوسائٹی کورنگی کراسنگ کراچی**

لاہور
پنجاب ایڈز لیب
**پی-اے-سی- پی کمپلیکس 6- برڈوڈ روڈ لاہور**
شوکت خانم میموریل ہسپتال
**جوہر ٹاؤن لاہور .R-3.M.A بلاک 7A**

مزید شہروں کے لئے
**COVID-19 Health Advisory Platform**

**یہ معلوماتی مہم آپ تک اکاؤنٹیبلٹی لیپ پاکستان کی جانب سے لائی گئی ہے.**

accountabilitylab communities

accountabilitylab PAKISTAN